بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ
امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

22اکتوبر 2021

پریس ریلیز

مسلمان ممالک افغان طالبان کی حکومت کو تسلیم کرنے میں پہل کریں۔

لاہور(پ ر) مسلمان ممالک افغان طالبان کی حکومت کو تسلیم کرنے میں پہل کریں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر شجاع الدین شیخ نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ حال ہی میں ماسکو فارمیٹ کے تحت ہونے والے مشاورتی اجلاس میں روس، چین، ایران، پاکستان اور وسطی ایشیاء کے کئی ممالک نے افغان طالبان کے ساتھ مل کر خطے میں سیکورٹی کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ اُنھوں نے کہا یہ تمام قوتیں افغان طالبان کو ایسے اعلیٰ سطحی علاقائی اجلاس میں اس لیے مدعو کرتی ہیں کیونکہ سب جانتے ہیں کہ افغانستان میں اصل قوت افغان طالبان ہیں اور وہاں صرف اُن ہی کی رٹ ہے لہٰذا اُن سے خطے کے حوالے سے مختلف موضوعات پر بحث کرتے ہیں اور اُنھیں اپنے خیالات کے اظہار کا موقعہ بھی دیتے ہیں۔ وہ حقیقت میں اِس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ افغانستان میں اقتدار کی تبدیلی قابل تقلید ہے پھر یہ کہ افغانستان کے لیے انسانی اور اقتصادی امداد کی فراہمی پر بھی اتفاق کرتے ہیں۔ اِس صورت میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ افغانستان میں افغان طالبان کی حکومت کو تسلیم کرنے میں آخر کیا چیز مانع ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ اگر یہ قوتیں افغان طالبان کے بنیادی نظریہ میں کسی تبدیلی کی خواہشمند ہیں تو ہمیں یقین ہے کہ وہ ناکام ہوں گی۔ اُنھوں نے افغان طالبان سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ جس رب نے اُنھیں میدانِ جنگ میں طاغوتی قوتوں کے خلاف فتح مبین عطا فرمائی ہے وہی رب اقتصادی اور معاشی مشکلات سے بھی نکلنے کے لیے راستے کھول دے گا۔ ان شاء اللہ! حقیقت یہ ہے کہ تمام مسلمان ممالک کو افغان طالبان کی حکومت کو فوری طور پر تسلیم کرنا ہوگا۔ امت مسلمہ کے اِس اقدام سے دوسرے ممالک کے پاس بھی افغان طالبان کی حکومت کو تسلیم کرنے کے سوا کوئی آپشن نہیں ہوگا۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرو اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

بانی تنظیم
ڈاکٹر اسرار احمد
امیر تنظیم
شجاع الدین شیخ

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 22 October 2021

"Muslim countries ought to take the lead in recognizing the government of the Afghan Taliban."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "Muslim countries ought to take the lead in recognizing the government of the Afghan Taliban."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that the recently held consultation sessions in accordance with the Moscow Format saw Russia, China, Iran, Pakistan and many Central Asian states sitting together with the top leadership of the Afghan Taliban government and agreed on the need to make the security of our region robust. The Ameer remarked that the regional powers have invited the Afghan Taliban to such an important high-level regional meeting due to the fact that they fully understand that the Afghan Taliban are the real representative authority in Afghanistan and only they have the writ over Afghanistan, which is why the Afghan Taliban have also been afforded the opportunity to express their views in the sessions and the powers of the region are engaging with them in discussions related to the security of our region. The Ameer stated that these regional powers are, in fact, approving of the change in the Afghan regime that took place at the time of the US withdrawal from Afghanistan and they also agree on the need to provide humanitarian, economic and financial assistance to the Afghan Taliban government in Afghanistan. Despite these statements and circumstances, the Ameer lamented, the question remains that what is keeping these regional powers from recognizing the government of the Afghan Taliban in Afghanistan? The Ameer asserted that if these powers want the Afghan Taliban to 'adjust' their fundamental ideology, then we are certain that they would most certainly fail in their objective. While addressing the government of the Afghan Taliban, the Ameer said that Allah *(SWT)* granted them with a manifest victory against the forces of evil in the battlefield and, indeed, Allah *(SWT)* alone would bestow on them a way out of the current economic and financial difficulties facing them. *In Sha Allah!* The Ameer emphasized that the need of the hour is for all Muslim countries to recognize the government of the Afghan Taliban without further delay. The Ameer concluded by stating that such unified action of recognizing the government of the Afghan Taliban by Muslim countries would leave other countries with no option but to follow suit.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan